خطوط

ترتیب: قاری ثناء اللہ خان

السلام علیکم ورحمة الله وبرکاته' وبعد ،،،

شکرالکم وفرحابکم فان خدمتکم فی العصر الحاضر اظهر من الشمس ولا ینکر احد منها وهذا الجد منکم فی هذا الزمان لمسلک الاحناف انفع وارفع وهکذا جدکم بهذه الرسالة المفیدة انفع لعلماء الاحناف وطلبتهم .والنافع یکرم المنفع وهکذا کل منهم یکرم هذالکتاب. ویطالعه بفکر وتدبرٍ والسلام ! جزاکم الله احسن الجزاء.

از محمد شریف

مکرمی جناب رئیس التحریر صاحب دامت برکاتہم العالیہ

السلام علیکم ورحمة الله وبرکاته' وبعد ،،،

آنجناب کا ارسال کردہ پر مغز و قیع علمی مضامین پر مشتمل گرانقدر علمی سہ ماہی مجلّہ "المباحث الاسلامیہ" موصول ہو گیا ارسال فرمانے کا بے حد شکریہ زرِ سالانہ کی ادائیگی پیشگی ہو چکی ہے امید ہے کہ آئندہ بھی رسالہ کی ترسل کا سلسلہ جاری رہیگا جامعۃ الصالحات کا وسیع حلقۂ احباب "المباحث الاسلامیہ" کی ظاہری و باطنی خوبیوں کا مداح ہونے کے ساتھ ساتھ اس کی کامیابی و ترقی کے لئے دعا گو ہے۔ اللہ تعالیٰ اس رسالہ کو عوام و خواص میں قبولیت نامہ اور آنجناب و جملہ معاونین و منتظمین کے لئے ذخیرہ آخرت بنائے۔ آمین اس رسالے کے ساتھ ہمیشہ کی وابستگی کو ہم اپنے لئے سعادت سمجھتے ہیں۔ والسلام مفتی حبیب اللہ مدیر جامعۃ الصالحات للبنات مانسہرہ

السلام علیکم ورحمة الله وبرکاته' وبعد ،،،

آپ حضرات کی خدمت عامہ سے بہت سے علماء عظام اور طلبہ کرام مستفید ہوئے۔ اور یہ "المباحث الاسلامیہ" رسالہ اگرچہ باعتبار ضخامت چھوٹی ہے۔ لیکن فی الحقیقت مسلک احناف کی طرف سے ایک وکیل کی حیثیت سے کام کرسکتی ہے۔ اور وکیل پر مؤکل کا پورا بھروسہ ہے اس طرح اس رسالہ یعنی "کتاب" پر کام کرنے والوں کو اللہ اجر عظیم دنیا و آخیرت میں عطا فرمائیں۔ والسلام

از: مولانا تاج محمد جامعہ دارالعلوم صفہ ٹاؤن چمن

مکرمی جناب مدیر صاحب المباحث الاسلامیہ

السلام علیکم ورحمة الله وبرکاته' ،،،

امید ہے آپ خیریت سے ہوں گے۔ آپ کی جانب سے ارسال کردہ سہ ماہی "المباحث الاسلامیہ" موصول ہوا۔ ہم آپ کے شکر گزار ہیں۔ "المباحث الاسلامیہ" ایک علمی و تحقیقی رسالہ ہے۔ اگر آپ کے لئے ممکن ہو تو اسے ہماری لائبریری کے لئے اعزازی طور پر جاری کروادیں۔ تا کہ یہاں کے افراد اور آنے والے احباب اس سے مستفید ہوسکیں۔ اللہ آپ کے کام کو دن دگنی رات چوگنی ترقی دے۔ والسلام مفتی محمد سمیع (ڈائریکٹر ایڈمنسٹریشن) المورد معهد العلم الاسلامی لاہور